Department of
Education

GOVERNMENT OF
WESTERN AUSTRALIA

پیشہ ورانہ تعلیم و تربیت

والدین اور نگہداشت کرنیوالوں کے لیے معلومات

VET کیا ہے؟

ووکیشنل ایجوکیشن اینڈ ٹریننگ (VET):

- وہ مہارتیں اور علم مہیا کرتا ہے جن کی کام کی جگہ پرموثرطور پر کارکردگی کے لیے ضرورت ہوتی ہے۔VET تعلیمی قابلیتیں صنعت میں کسی مخصوص کام کے لیے مختص ہوتی ہیں۔
- ان تعلیمی قابلیتوں کو قومی سطح پر تسلیم کیا جاتا ہے اور آسٹریلیا بھر میں مانا جاتا ہے۔
- یہ تعلیمی قابلیتیں، کام کی جگہ پر پڑھائی کیساتھ، ضروری مہارتیں مہیا کرتی ہیں جنہیں بہت سے روزگار اور تعلیم کے راستوں پر منتقل کیا جا سکتا ہے۔

VET کسطرح سے ویسٹرن آسٹریلین سرٹیفیکیٹ آف ایجوکیشن کے لیے معاون ہے ؟

VET ویسٹرن آسٹریلین سرٹیفیکیٹ آف ایجوکیشن (WACE) کے حصول میں کافی معاون ہو سکتا ہے۔مثال کے طورپر، بلڈنگ اور کنسٹرکشن پاتھ وے ٹریڈز میں ایک سرٹیفیکیٹ II یا کام کی جگہ پر مہارتوں میں ایک سرٹیفیکیٹ II کا WACE.کےلیے چار یونٹس کے برابر حصہ ہوتا ہے۔

تکمیل شدہ تعلیمی قابلیتوں کو جو سیکنڈری سکول جانے کے حصے کے طور پر ریکارڈ ہوتی ہیں، حاصل کردہ مہارت کے ہر انفرادی یونٹس کیساتھ ویسٹرن آسٹریلین سٹیٹمنٹ آف سٹوڈنٹ اچیومنٹ (WASSA) میں لکھا جاتا ہے

طالب علم کے منفرد شناخت کنندہ کا رجسٹر (USI)

WACE کے لیے VET کو شمار کروانے کے لیے ایک طالب علم یہ یقینی بنانے کی ضرورت ہوتی ہے کہ ایک USI کو طالب علم کے ریکارڈ میں شامل کیا جائے۔

وزٹ کریں https://www.usi.gov.au یا USI معلوماتی شیٹملاحظہ کریں۔

D23/1271467
June 2023

cc BY
Exclusions may apply

VET پاتھ وے انتخابات کی کچھ مثالیں کیا ہیں؟

سیکنڈری طلباء کو پڑھایا گیا VET>ٹریننگ>ملازمت اور/ یا یونیورسٹی



سکول کے حصے کے طور پر ٹرینی شپ >ٹریننگ>ملازمت اور/ یا یونیورسٹی



CC BY
Exclusions may apply

پری -اپرنٹس شپ >اپرنٹس شپ >ملازمت اور یا مزید ٹریننگ



Exclusions may apply